# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: بیان و بدیع وعروض (9014) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 5)

سوال 1- شعر و ادب کے لیے علم بیان کیوں ضروری ہے؟ بحث کریں۔ (20)

سوال 2- تشبیہ سے کیا مراد ہے؟ تشبیہ کے ارکان کا تفصیلی تعارف کرائیں۔ (20)

سوال 3- استعارے کی تعریف کرتے ہوئے، مثالوں کے ذریعے اس کی اہم اقسام کی نشان دہی کریں۔ (20)

سوال 4- صنائع لفظی سے کیا مراد ہے؟ چند اہم صنائع لفظی کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال 5- صنائع معنوی سے ادب پارہ چمک اُٹھتا ہے، مثالیں دے کر اس رائے کی وضاحت کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 6 تا 9)

سوال 1- علم عروض سے کیا مراد ہے؟ اس کی روایت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 2- وزن اور بحر میں کیا فرق ہے؟ بحث کریں۔ (20)

سوال 3- تقطیع کی وضاحت کرتے ہوئے، اس کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 4- بحر متقارب کا تعارف کرائیں اور بحر متقارب مثمن سالم کی پانچ مثالیں دیں۔ (20)

سوال 5- مندرجہ ذیل عنوانات پر جامع نوٹ لکھیں: (10x2)

i- اصولِ سہ گانہ ii- اسقاطِ حروف